© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **مولانا منظور احمد رحمۃ اللہ علیہ:** مدینہ طیبہ میں حضرت مولانا محمد مکّی حجازی مدظلہٗ کی رباط مکی کے منتظم اور حجاج کے خادم مولانا منظور احمد ۶ر نومبر ۲۰۱۲ء کو خان پور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم چند ماہ قبل مدینہ منوّرہ میں اپنے کمرہ کے باہر گر گئے اور کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ مدینہ منوّرہ میں آپریشن کرایا مگر کامیاب نہ ہوسکا۔ پاکستان اپنے گھر خان پور تشریف لائے اور دوسرا آپریشن رحیم یارخان میں ہوا، لیکن وہ بھی کامیاب نہ ہوا۔ مرحوم، ذیابیطس کے بھی مریض تھے۔ انہوں نے مدینہ منوّرہ میں رہ کر حُجّاج کی بہت خدمت کی۔ انتہائی صالح اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ مدینہ منوّرہ میں اکثر روضۂ اطہر پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدمین شریفین کی طرف بیٹھتے اور عصر تا مغرب وہیں بیٹھ کر تلاوتِ قرآن کیا کرتے۔

● مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سرگرم کارکن قاری محمد آصف کے قریبی دوست اور ہمارے معاون وقاص بھٹی اور ڈاکٹر بلال بھٹی کے والد جناب محمد افضل بھٹی مرحوم۔ انتقال: ۳۱ر اکتوبر ۲۰۱۲ء

● **بھائی محمد خالد مرحوم:** دارِ بنی ہاشم ملتان میں نمازِ جمعہ کے قدیمی ساتھی بھائی محمد خالد (محلّہ طارق آباد) انتقال: ۹ر محرم ۱۴۳۴ھ

● **بھائی محمد حسین مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام رام گلی لاہور کے قدیمی اور انتہائی مخلص کارکن بھائی محمد حسین مرحوم، انتقال: ۹ر محرم ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۴ر نومبر ۲۰۱۲ء۔ مرحوم نصف صدی سے مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے۔ اُن کے تینوں مرحوم بھائی غلام حسین، غازی ولایت علی اور غلام علی بھی احرار ہی سے وابستہ رہے۔ مرحوم کے بھتیجے بھائی امجد حسین مجلس احرارِ اسلام لاہور کے سرگرم اور متحرک کارکن ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)

● **ڈاکٹر ناصر مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام موضع عزیز قہم تحصیل میلسی ضلع وہاڑی کے مخلص معاون، ڈاکٹر ناصر مرحوم۔ انتقال: ۲۸ر نومبر ۲۰۱۲ء۔ ڈاکٹر ناصر مرحوم مجلس احرارِ اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے سابق رکن ڈاکٹر منظور احمد مرحوم کے فرزند تھے۔

● ملتان کے مخلص احرار کارکن محترم اللہ نواز خان کی ہمشیر مرحومہ۔ انتقال: ۲۲ر نومبر ۲۰۱۲ء

● مجلس احرارِ اسلام ملتان کے رکن بھائی محمد مہربان کے ہم زلف محمد کاشف ۲۹ر نومبر ۲۰۱۲ء کو انتقال کر گئے۔

● مدرسہ معمورہ ملتان کے سفیر اور احرار کارکن بھائی عبدالحکیم کے والد ماجد مرحوم، انتقال: ۱۵ر محرم ۱۴۳۴ھ، ۳۰ر نومبر ۲۰۱۲ء

● **پروفیسر حافظ نثار احمد مرحوم:** ملتان میں ہمارے کرم فرما، حافظ وقار احمد کے والد ماجد۔ انتقال: ۱۵ر نومبر ۲۰۱۲ء

● **والدہ مرحومہ بھائی اشفاق کمبوہ:** ملتان میں ہمارے قدیم معاون، ہم فکر ساتھی بھائی محمد اشفاق کمبوہ (پرنس میڈیکل سٹور) کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والدہ ماجدہ۔ انتقال: ۱۴؍ نومبر ۲۰۱۲ء

- چیچہ وطنی، قاری محمد سرور صاحب کی اہلیہ انتقال کر گئیں
- ملتان میں حضرت امیر شریعت رحمتہ اللہ علیہ کے اوّلین معالج ڈاکٹر مقبول احمد مرحوم کے فرزند ڈاکٹر محمد اختر ۹؍ محرم الحرام ۲۴؍ نومبر کو دل کا دورہ پڑنے سے انتقال فرما گئے، مرحوم ڈاکٹر محمد اختر جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی اہلیہ کے ماموں تھے۔
- چیچہ وطنی: خواجہ ذوالفقار علی مرحوم کی صاحبزادی انتقال فرما گئیں۔
- ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ اور عبداللطیف خالد چیمہ کے خالو چودھری اکبر علی وڑائچ ۴؍ نومبر کو گوجرہ میں انتقال فرما گئے۔
- چیچہ وطنی: محمد الیاس چیمہ مرحوم کی والدہ ماجدہ اور ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ کی تائی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں۔
- چنیوٹ: شہید ناموسِ صحابہ حافظ محمد ابوبکر کی والدہ ماجدہ، انتقال: ۲؍ دسمبر ۲۰۱۲ء
- **حاجی محمد اسماعیل مرحوم:** مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی سے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے نگران و معاون جناب ارشد چوہان صاحب والد ماجد حاجی محمد اسماعیل مرحوم۔ انتقال: ۳۰؍ نومبر ۲۰۱۲ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)

☆☆☆

مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے زیرِ اہتمام چوتھے مرکزِ احرار

**مسجد ختمِ نبوت**

رحمٰن سٹی اوکانوالہ روڈ چیچہ وطنی کی تعمیر کا آغاز

اِن شاء اللہ تعالیٰ 08 دسمبر 2012ء بروز ہفتہ بعد نماز ظہر (2 بجے) ہو رہا ہے

25 مرلے رقبہ پر مسجد، مدرسہ، دفتر، ختم نبوت اکیڈمی، ڈسپنسری تعمیر کی جائے گی

جملہ اہلِ خیر سے تعاون کی درخواست ہے

ترسیلِ زر و رابطہ: عبداللطیف خالد چیمہ (مدیر مراکز احرار چیچہ وطنی)
دفتر دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد بلاک نمبر 12 چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

نوٹ: رقم بھیجتے وقت مد کی وضاحت ضرور فرمائیں

منجانب: تحریکِ تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی
0300.6939453
040 .5482253



© rasailojaraid.com